گورنر KATHY HOCHUL

فوری ریلیز کے لیے: 18/9/2024

گورنر HOCHUL نے خوشخبری سنائی کہ NORDTECH کی تحقیقی ٹیموں کے لیے امریکی محکمہ دفاع (U.S. DEPARTMENT OF DEFENSE) کی جانب سے $30 ملین ڈالر مل گئے ہیں

یہ وفاقی ایوارڈز شمال مشرقی علاقے کی محکمہ دفاع کے اختراعی مرکز والی حیثیت کو مزید مہمیز دیں گے اور گھریلو مائیکرو الیکٹرانکس کی مینوفیکچرنگ انڈسٹری کی ترقی میں مزید تیزی لے آئیں گے

اس سے ریاست نیو یارک میں جدید تحقیق اور ترقی کے لیے "لیب سے فیب" تک براہ راست کمرشلائزیشن کی راہیں مضبوط استوار ہو جائیں گی

گورنر Kathy Hochul نے آج نارتھ ایسٹ ریجنل ڈیفنس ٹیکنالوجی ہب (Northeast Regional Defense Technology Hub, NORDTECH) کے لیے وفاقی محکمہ دفاع (Department of Defense, DoD) کی جانب سے $30 ملین ملنے کی خوشخبری سنائی، جو U.S. Microelectronics Commons پروگرام کا وہ ہب ہے جسکا ہیڈ کوارٹر ریاست نیو یارک میں قائم ہے۔ اس ہب کے شرکاء نے کوانٹم ٹیکنالوجی (Quantum Technology) اور کمرشل لیپ اہیڈ ٹیکنالوجی (Commercial Leap Ahead Technology) کے تکنیکی شعبوں میں چار جدید منصوبوں کا انتخاب کیا ہے جن میں پاور الیکٹرانکس، میگنیٹکس، اور انٹگریٹڈ فوٹوونکس شامل ہیں۔ ان جدید ترین منصوبوں سے متعلقہ مخصوص وقف شدہ کام پہلے ہی جاری و ساری ہے۔

"NORDTECH کے لیے یہ اہم سرمایہ کاری ہماری معیشت کے لئے ایک بڑی ترقیاتی قوت ثابت ہوگی اور نیو یارک کی ٹیکنالوجی کی صنعت میں عالمی رہنما والی حیثیت کو مزید مضبوط کرے گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میں Biden-Harris انتظامیہ، اکثریتی رہنما Schumer، اور اپنے تمام وفاقی شراکت داروں کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں جنہوں نے CHIPS and Science Act پاس کیا، جس سے یہیں خاص نیو یارک میں سیمی کنڈکٹر اور مائیکرو الیکٹرانک ریسرچ، مینوفیکچرنگ، اور ملازمت کے لئے دی جانے والی تربیت کی اگلی نسل کی تعمیر میں بہت مدد ملی ہے۔"

NORDTECH کے ٹیکنیکل ڈائریکٹر Nicholas Fahrenkopf نے کہا، "NORDTECH کو بہت فخر محسوس ہو رہا ہے کہ ہمارے ان پراجیکٹس کو محکمہ دفاع کی جانب سے منتخب کیا گیا جنکے ذریعے نئی مائیکرو الیکٹرانکس ٹیکنالوجیز کی پختگی و گیرائی میں مزید تیزی آئے گی۔ 20 سے زیادہ مختلف حکومتی اور تعلیمی ماہرین پر مشتمل فنڈ شدہ مشترکہ تحقیق میں تعاون کرنے والے یہ نئے اقدامات اعلیٰ درجے کے تکنیکی حلوں کے ذریعے محکمہ دفاع کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ہماری اجتماعی طاقت اور لگن کو اجاگر کر رہے ہیں۔"

مائیکرو الیکٹرانکس کامنز (Microelectronics Commons) کا قیام غیر ملکی مائیکرو الیکٹرانکس پر ملک کے انحصار کو کم کرنے اور سپلائی چین کے خطرات سے قوم کی حفاظت کرنے والی براہ راست راہیں بنانے کے لیے عمل میں لایا گیا تھا۔ NORDTECH ریاست نیویارک میں سرکاری لیبارٹریوں، دفاعی کمپنیوں، تعلیمی اداروں، اور ٹیکنالوجی مینوفیکچرنگ اداروں کا ایک علاقائی کنسورشیم ہے اور یو ایس مائیکرو الیکٹرانکس کامنز (U.S. Microelectronics Commons) پروگرام کی تشکیل کرنے والے آٹھ مراکز میں سے ایک ہے۔ NORDTECH کے پانچ بانی اراکین جو ہب کے قائدین کی ٹیم اور گورننس کمیٹی کی تشکیل کرتے ہیں ان میں یہ شامل ہیں: New

York Center for Research, Economic Advancement, Technology, Engineering، and Science (NY CREATES)، البانی یونیورسٹی کا College of Nanotechnology, Science, and Engineering (CNSE), Cornell University، Rensselaer Polytechnic Institute (RPI)، اور IBM۔

AIM Photonics، NY CREATES اور Cornell، Cornell University، اور Rochester Institute of Technology کے زیر قیادت فنڈ کردہ منصوبوں کی ترتیب وار مکمل فہرست یہاں ملاحظہ کریں: www.nordtechub.org/nordtech-news/dod-award۔

سینیٹ کے اکثریتی رہنما Charles Schumer نے کہا، "بالائی ریاست نیو یارک چپ کی صنعت میں امریکہ کی قومی سلامتی کے لئے انقلابی جدتیں لانے والے مستقبل کی قیادت کر رہی ہے۔ بالائی ریاست نیو یارک کے Cornell اور RIT سے لے کر NY CREATES تک اعلیٰ تحقیقی ادارے اور مزید ادارے اور تنظیمیں بھی اب محکمہ دفاع کے ساتھ شراکت داریاں کر رہے ہیں، تاکہ ایسی ٹیکنالوجی تیار کی جا سکے جو اس صنعت کو اگلی صدی کی قیادت کرنے والی صنعت بنا دے۔ +27$ ملین کی یہ یہ اہم معاونت ایسی ایجادوں اور دریافتوں کے لیے بالائی ریاست نیو یارک کو ڈرائیور کی نشست پر بٹھائے رکھے گی جو چپ اور دفاعی صنعت سے متعلقہ اس ٹیکنالوجی کے مستقبل کے لیے انتہائی اہم ثابت ہوں گی۔ میں نے بالائی ریاست نیو یارک کے ساتھ اپنے CHIPS & Science Law کو رہنمائی کرنے والے ستارے کے طور پر تیار کیا تھا، کیونکہ میں جانتا تھا کہ پورے نیو یارک میں باقائدہ مقصد کے تحت کی جانے والی وفاقی سرمایہ کاری کے ذریعے ہماری کمیونٹیز اس صنعت کو بیرون ملک سے امریکہ واپس لا سکتی ہیں۔ اب کیپٹل ریجن سے لے کر سنٹرل نیو یارک اور مغربی نیو یارک تک ہی کام ہو رہا ہے اور محکمہ دفاع کی جانب سے ملنے والی یہ بڑی مالی معاونت ہمیں ان نئی ایجادات و اختراعات میں پیشرفت کرنے اور اپنے کارکنوں کو بڑی کامیابیاں یقینی بنانے کے لیے تربیت دینے کے لیے نسل در نسل اس موقع سے فائدہ اٹھانے میں مدد دے گا جو اس ٹیکنالوجی کے مستقبل کے لیے یہاں ایمپائر اسٹیٹ میں دریافت اور بنائی جاتی ہیں۔"

سینیٹر Kirsten Gillibrand نے کہا، "NORDTECH کے لیے وفاقی فنڈنگ کی مد میں یہ +30$ ملین نہ صرف اس جدید تحقیق اور ترقی کو آگے بڑھائیں گے جو ریاست نیو یارک میں ہو رہی ہے، بلکہ ان سے ہماری قومی سلامتی کو بھی بڑی مضبوطی اور حوصلہ ملے گا۔" "میں DoD کی جانب سے کی جانے والی یہ اہم سرمایہ کاری دیکھ کر بہت پُرجوش ہوں اور میں ریاست نیو یارک میں مائیکرو الیکٹرانکس مینوفیکچرنگ انڈسٹری کو فروغ دینے کے لیے وفاقی مدد و معاونت حاصل کرنے کے لیے اپنی جدوجہد مسلسل جاری رکھوں گا۔"

نمائندے Paul Tonko نے کہا، "جب میں نے اپنے CHIPS and Science Act کو کانگریس کے ذریعے پاس کروانے کے بہت جدوجہد کی تھی اور اسے قانون بنوانے کے لئے دستخط کروائے تھے، تو میرے ذہن میں بالکل ایسی ہی سرمایہ کاری تھی۔ وفاقی فنڈنگ کی اس اہم لہر کے ساتھ، ہماری ریاست مشین لرننگ اور مصنوعی ذہانت جیسی جدید ٹیکنالوجیز کے لیے عالمی مرکز کے طور پر کام کرتی رہے گی — جن سے اچھی تنخواہوں والی ملازمتیں پیدا ہوں گی اور ہماری مقامی معیشتوں کو مضبوطی اور استحکام ملنے کے ساتھ ساتھ ہماری قومی سلامتی کو بھی بہت تقویت ملے گی۔ میں Biden-Harris انتظامیہ کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے NORDTECH کو اپنے اہم منصوبوں میں پیشرفت کرنے کے لئے درکار یہ وسائل فراہم کیے، اور میں یہ امر یقینی بنانے کے لیے مکمل پُرعزم ہوں کہ نیو یارک ابھرتی ہوئی مائیکرو الیکٹرانکس صنعت میں جدت اور ترقی کو آگے بڑھاتے ہوئے عالمی سطح پر اسکی قیادت کرتا رہے۔ ."

نمائندے Joe Morelle نے کہا، "30$ ملین کا یہ ایوارڈ سیمی کنڈکٹر جدت اور مینوفیکچرنگ میں نیو یارک ریاست کی قیادت کی ایک اور منہ بولتی مثال ہے، اور میں اپنے علاقے کی بے پناہ صلاحیتوں کو تسلیم کرنے پر محکمہ دفاع (Department of Defense) اور بائیڈن انتظامیہ کا انتہائی شکر گزار ہوں۔ جب اس ایوارڈ کا ہمارے تاریخی علاقائی ٹکنالوجی ہب (Regional Technology Hub) کے ساتھ جوڑا بنایا جائے، تو NORDTECH کے لیے یہ ایوارڈ قومی اور عالمی سطح پر ہماری مسابقت یقینی بنانے میں بہت مدد کرے گا۔ میں NORDTECH اور اپنے تمام شراکت داروں کے ساتھ مل کر یہ کام کرنے کا بہت شوق سے منتظر ہوں، تاکہ ہم جس چیز کو بھی ممکن سمجھتے ہیں اسے چیلنج دیتے رہیں اور اپنی اختراعی کہانی کا اگلا باب لکھتے رہیں۔"

اکثریت لیڈر Andrea Stewart-Cousins نے کہا، "مجھے انتہائی خوشی ہے کہ محکمہ دفاع نے NORDTECH کے منصوبوں کو 30$ ملین عنایت کر دیے ہیں، اور یہ غیر معمولی سرمایہ کاری دفاعی ٹیکنالوجی کے مستقبل کو آگے بڑھانے میں نیو یارک کے کردار کے لیے ایک انقلابی تبدیلی لانے والا لمحہ ہے۔ میری قیادت میں نیویارک کی سینیٹ کی اکثریت نے Excelsior Jobs پروگرام کی توسیع سے لے کر Green Chips پروگرام تک نیو یارک کی مائیکرو الیکٹرانکس مینوفیکچرنگ کی ترقی اور فروغ اور NY CREATES کے ساتھ ساتھ البانی یونیورسٹی کے College of Nanotechnology, Science, and Engineering (CNSE) کے لئے بھی اپنی مدد و معاونت جاری رکھی ہوئی ہے۔ ہم کاروباری اور تکنیکی ترقی کے ماحول کو فروغ اور مہمیز دینے کے لیے مکمل پُرعزم ہیں کہ نیو یارک اس اختراعی تحقیقی تعاون کے ذریعے ملک کی قیادت کرتا رہے جس کا ہماری بڑھتی ہوئی گھریلو مائیکرو الیکٹرانکس مینوفیکچرنگ انڈسٹری میں بڑی انقلابی تبدیلیاں لانے والا اثر پڑے گا۔"

NY CREATES' کے نائب صدر برائے تحقیق Dr. Satyavolu Papa Rao نے کہا، "ہم انتہائی شکر گزار ہیں کہ محکمہ دفاع نے اس پروجیکٹ کی اہم صلاحیتوں اور اس ٹیم کی فضیلت کو جو عمدہ نتائج فراہم کرے گی کو بالآخر تسلیم کر ہی لیا۔ اس فیڈرل ایوارڈ کے لیے منتخب کیا جانا NY CREATES میں توسیع پذیر کوانٹم ٹیکنالوجیز بنانے کے لیے کی جانے والی جدید ترین تحقیق اور قیوبٹ ڈیزائن اور فیبریکیشن کے گوناگوں پہلوؤں میں ٹیم کے اراکین کی قیادت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ہم ایک متحرک اور ترقی پذیر کوانٹم کمیونٹی کے ذریعے کوانٹم ٹیکنالوجیز میں اہم پیشرفتوں کی راہ ہموار کرنے کی خاطر اس اہم کوشش پر فوراً عمل درآمد شروع کرنے کے لیے انتہائی پُرجوش ہیں۔ ہم وہ دیرپا اثر پیدا کرنے کے لیے درکار سخت محنت کے لیے پوری طرح پُرعزم ہیں جو ہماری قومی سلامتی بڑھائے گا اور کوانٹم کمپیوٹنگ کے شعبے میں بڑی بہتریاں لائے گا۔"

AIM Photonics کے ڈویلپمنٹ منیجرDr. Lewis Carpenter نے کہا، "AIM Photonics کی یہ تجویز کوانٹم فوٹوونک ٹیکنالوجیز میں DoD کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کے جواب میں آئی ہے جیسا کہ Microelectronics Commons پروجیکٹ کالز میں بیان کیا گیا تھا۔ Quantum Ultra-broadband Photonic Integrated Circuits and Systems (QUPICS) ایک ایسا کوانٹم فوٹوونک پلیٹ فارم پیش کر رہا ہے جو تجارتی اور DoD ایپلی کیشنز کے لیے ایسی استعداد فراہم کر دے گا جو مرئی، انفرا ریڈ سے قریب وریب کام کرنے والے چپ-سکیل کوانٹم آپٹو الیکٹرانک سسٹمز کی اقسام کو نمایاں طور پر بڑھا سکتا ہے۔ QUPICS کلیدی ٹیکنالوجیز کے انضمام کو فعال کرے گا، جو ٹریپڈ آئن، نیوٹرل ایٹم، اور فوٹوونک کوانٹم ٹیکنالوجیز کے لیے انقلابی تبدیلیاں لانے والے عوامل ثابت ہوں گے۔"

Cornell کے نائب صدر برائے تحقیق اور اختراع Dr. Krystyn Van Vliet نے کہا، "مائیکرو الیکٹرانکس کامنز کے تکنیکی تحقیقی منصوبوں کا یہ پہلا دور جسے NORDTECH کے ذریعے محکمہ دفاع نے منتخب کیا، وہ ایک ایسے نئے موقع کا آغاز ہے جس کے تحت بڑے نئے آئیڈیاز کو لیب سے فیب سے پروٹو ٹائپ تک منتقل کیا جا سکتا ہے۔ مائیکرو الیکٹرانکس مواد اور آلات میں پیدا ہونے والے زبردست آئیڈیاز کو لیب سے فیب میں منتقل کرنے کے لیے بہت سے زبردست تجاویز میں سے ایک یہ ٹیمیں ہیں جن میں کارنیل کے محققین یا انکے ساتھ شراکت دار متعدد قائدین شامل ہیں، اور انہیں اس قومی تجربے میں تیزی لانے اور اسکا پریشر ٹیسٹ کرنے کے لیے منتخب کیا گیا ہے جس سے امریکہ میں مائیکرو الیکٹرانکس مینوفیکچرنگ کی اختراعات کا عمل تیز تر اور مزید مستحکم ہو جائے گا۔ صنعت، تعلیم اور وفاقی لیبارٹریوں پر مشتمل ان نئی پروجیکٹ ٹیموں کو کارنیل جیسے ماہرانہ عملے والی سہولیاتگاہوں اور کارخانوں کے آلات تک رسائی حاصل ہوگی میں جو NORDTECH کے ایکو سسٹم کا حصہ ہیں۔ میں ان تمام امور و عوامل کا بہت شوق سے انتظار کر رہا ہوں جو کارنیل کے محققین اور نیو یارک اور امریکہ میں ان کے پروجیکٹ پارٹنرز NORDTECH اور Microelectronics Commons میں لے کر آئیں گے۔ کوانٹم ٹکنالوجی کو آگے بڑھانے کے لیے کارنیل کے Dr. Karan Mehta کی مشترکہ قیادت کے تحت چلنے والے پروجیکٹس اور الیکٹرانکس کو طاقت دینے کے لیے مواد سے چلنے والی اختراعات جو کلیدی اہمیت کی حامل ہیں اور کارنیل کے Dr. Debdeep Jena کی زیر قیادت کام کر رہی ہیں وہ ان پروجیکٹس میں متنوع تحقیقی ٹیموں کی طاقت کو کام میں لا سکتی ہیں۔ ان پروجیکٹ ٹیموں کا مقصد نہ صرف NORDTECH ایکو سسٹم کا استعمال کرتے ہوئے مائیکرو الیکٹرانکس مواد اور آلات میں تکنیکی چیلنجوں کو حل کرنے کا مظاہرہ کرکے دکھانا ہے، بلکہ یہ پروجیکٹ ٹیمیں ایسی عمیق اور تخلیقی امریکی ٹیلنٹ پائپ لائن کی اگلی نسل کو فروغ دیں گی جو 'لیب ٹو فیب' کے

درمیان موجود خالی نقطوں کو اس سے بہتر طور پر جوڑیں گی، دریافت اور افادیت کے درمیان خلا کم کریں گی، اور معاشرتی فائدے اور سماجی ضرورت کے درمیان منصفانہ فاصلہ قائم رکھیں گی۔"

Rochester Institute of Technology میں تحقیق کے نائب صدر اور ایسوسی ایٹ پرووسٹ Dr. Ryne Raffaelle نے کہا، "RIT کو اپنے آغاز سے ہی مائیکرو الیکٹرانکس اور انفارمیشن سائنس میں سب سے آگے رہنے پر بہت فخر محسوس ہوتا ہے۔ مستقبل کے کوانٹم نیٹ ورکس پر DoD Microelectronic Commons NORDTECH Hub اور Air Force Research Lab میں اپنے شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے سے یہ امر یقینی بن رہا ہے کہ ہم ان اہم ٹیکنالوجیز میں ان شعبوں اور اپنے ملک کی صنعتی بنیادوں کے مستقبل میں اپنا یہ اہم اور کلیدی کردار ادا کرتے رہیں گے۔ میں کوانٹم ٹیک کے وعدے کو پورا کرنے اور اپنی قوم کے لیے امریکی مسابقت اور اقتصادی اثرات کو بڑھانے میں مدد کرنے کے لیے اپنا اور اپنے خطے اور ریاست میں موجود دیگر چپ فیبریکیشن انفراسٹرکچر کو استعمال کرنے کے لیے بہت حد تک پرجوش ہوں۔"

گورنر Hochul کا اختراعی ایجنڈا

یہ وفاقی ایوارڈ گورنر Hochul کے ریاست نیو یارک میں جدت طرازی کو فروغ دینے والے عزم مصمم کو مزید مہمیز دے رہا ہے تاکہ کلیدی آجروں کو راغب کیا جا سکے اور 21 ویں صدی کی پُرکشش تنخواہوں والی ملازمتیں وجود میں آ سکیں۔ اپنے مالی سال 25 کے لیے نافذ شدہ بجٹ کے حصے کے طور پر، گورنر نے امپائر AI میں 275$ ملین کی سرمایہ کاری یقینی بنائی تھی، جو سات بانی اداروں کا کنسورشیم ہے جو بفلو میں ایک جدید ترین مصنوعی ذہانت کے کمپیوٹنگ سینٹر کی تخلیق اور افتتاح کرے گا جس کے نتیجے میں ریاست نیو یارک AI تحقیق کا جدید ترین مقام حاصل کر لے گی۔

گورنر Hochul نے گرین CHIPS کے تاریخی قانون پر بھی دستخط کیے ہیں تاکہ ریاست نیو یارک میں سیمی کنڈکٹر پر تحقیق، ترقی اور مصنوعہ سازی کے عمل کو فروغ دیا جا سکے اور انہوں نے NY CREATES' Albany NanoTech کمپلیکس میں چپس کی اگلی جنریشن پر مبنی تحقیقی مرکز کے قیام کے لیے 10$ بلین کی شراکت داری کا اعلان کیا ہے۔ ریاستی فنڈنگ کے ساتھ وفاقی CHIPS and Science Act کے ترغیب دینے والے مواقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے، گورنر کے ان اقدامات نے سیمی کنڈکٹر انڈسٹری کی جانب سے تاریخی سرمایہ کاریوں کا تالا کھول دیا ہے، جن میں Micron کی جانب سے عالمی معیار کی چپ بنانے والے کارخانے کی تعمیر اور وسطی نیویارک میں 50،000 ملازمتیں پیدا کرنے کے لیے 100$ بلین کی سرمایہ کاری اورGlobalFoundries, IBM, TTM Technologies, Menlo Micro اور دیگر سیمی کنڈکٹر اور سپلائی چین کاروباری اداروں کی جانب سے سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔

مزید برآں، گورنر نے بائیو میڈیکل تحقیق میں جدت اختیار کرنے کے عمل کی معاونت کے لیے 620$ ملین کے علوم حیات اقدام (Life Science Initiative) میں پیش رفت جاری رکھی ہوئی ہے۔ اور 113.7$ ملین پر مبنی بیٹری NY اقدام کے جیسی حکمت عملی پر مبنی سرمایہ کاریوں کے ذریعے، گورنر Hochul نے ریاست نیو یارک میں استحکام، گرین ٹیکنالوجی، اور توانائی کی اسٹوریج کے طریقہ کاروں کی ترقی میں خاطر خواہ اضافہ کیا ہے۔

گورنر کے اختراعی ایجنڈا نے کئی اہم سرکاری اور نجی سرمایہ کاریوں کو متحرک کیا ہے، جس سے نیو یارک کی معیشت میں انقلاب رونما ہو رہا ہے اور مستقبل کے لیے زیادہ تنخواہوں کی حامل ملازمتیں تخلیق کی جا رہی ہیں۔ GlobalFoundries نے حالیہ طور پر 11.6$ بلین کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے تاکہ نیو یارک کے دارالحکومتی علاقے میں اس کے چپ کے مصنوعہ ساز کیمپس کی توسیع عمل میں لائی جا سکے، جس کے نتیجے میں 1,500 براہ راست ملازمتیں اور ہزاروں ذیلی ملازمتیں تخلیق ہوں گی۔ 2022 میں، مائیکرون نے 100$ بلین پر مبنی 20 سالہ سرمایہ کاری کا اعلان کیا تھا تاکہ مرکزی نیو یارک میں ایک وسیع و عریض کیمپس قائم کیا جا سکے، جس سے 50,000 نئی براہ راست ملازمتیں اور ذیلی ملازمتیں تخلیق ہوں اور کمیونٹی کی مراعات میں سینکڑوں ملین ڈالرز کے مواقع کھلیں۔ گورنر کے علوم حیات اقدام نے 300$ ملین پر مبنی چین زکربرگ بائیوہب نیو یارک (Chan Zuckerberg Biohub New York) کے انتخاب کو یقینی بنانے کے لیے مدد کی ہے، جو کہ نیو یارک شہر میں بائیومیڈیکل تحقیق کا مرکز ہے، اور Schrödinger انکارپوریشن، ڈیئرفیلڈ ڈسکوری اینڈ ڈویلپمنٹ اور دیگر علوم الحیات کے کاروباری اداروں سے نمایاں سرمایہ کاریاں حاصل کرنے میں مدد کی ہے۔ اس سال کے آغاز پر،

نیشنل سائنس فاؤنڈیشن نے بھی بنگھیمٹن یونیورسٹی کے نئی توانائی کے نیو یارک اسٹوریج انجن میں 160$ ملین کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا تھا تاکہ اختراع، ٹیکنالوجی کی ترجمانی، اور افرادی قوت کی ترقی کے لیے ایک مرکز تعمیر کیا جائے جو ملکی بیٹری کی صنعت کی پیداواری صلاحیت کو بڑھا سکے۔

شمال مشرقی علاقائی دفاعی ٹیکنالوجی ہب (Northeast Regional Defense Technology Hub, NORDTECH) کے بارے میں معلومات

NORDTECH ریاست نیو یارک اور اس کے آس پاس قائم مائیکرو الیکٹرانکس کامنز کے علاقے میں سرکاری اور نجی شعبے کے ماہرین کا ایک علاقائی اتحاد ہے، جو ستمبر 2023 میں U.S. CHIPS and Science Act کے پہلے بڑے ایوارڈ کے ایک جزو کے طور پر قائم کیا گیا تھا۔ NORDTECH کے پانچ بانی اراکین میں جو ہب کے قائدین کی ٹیم اور گورننس کمیٹی کی تشکیل کرتے ہیں یہ شامل ہیں: New York Center for Research, Economic Advancement, Technology, Engineering، and Science (NY CREATES)، البانی یونیورسٹی کا College of Nanotechnology, Science, and Engineering (CNSE), Cornell University، Rensselaer Polytechnic Institute (RPI)، اور IBM۔ NORDTECH بورڈ میں مختلف حصہ لینے والی ممبر تنظیموں کی جانب سے مشیران بھی شامل کیے جاتے ہیں، بشمول چھوٹی اور درمیانے درجے کی سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ کمپنیاں، یونیورسٹیاں اور کمیونٹی کالج، اور بڑی کارپوریشنیں جو خدمت فراہم کنندگان ہیں اور سیمی کنڈکٹر ڈیوائس ڈیزائن، فیبریکیشن اور پروڈکشن میں رہنما کا کردار ادا کر رہی ہیں۔ مزید معلومات کے لئے nordtechub.org ملاحظہ کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں